# ابتدائی استقبالیہ سروس

کتلان حکومت نے لوکل انتظامیہ' سماجی ورکرز اور مختلف تجربہ کار سماجی تنظیموں کے تعاون سے آپ کی خدمت کیلئے ابتدائی استقبالیہ سروس کا اہتمام کیا ہے۔ جس کا مقصد غیر ملکی تارکین وطن اور واپس آنے والے کتلان شہریوں میں خود اعتمادی پیدا کرنا اور تمام شہریوں میں مساوی مواقع کی فضا پیدا کرنا ہے

## یہ سروس کن لوگوں کیلئے ہے؟

غیر ملکی تارکین وطن' سیاسی پناہ کے خواہشمند افراد' مہاجرین' بے گھر افراد اور وطن واپس آنے والے افراد شامل ہیں

مزید معلومات کیلئے آپ ابتدائی استقبالیہ سروس کی ویب سائٹ سے رجوع کر سکتے ہیں

http://benestar.gencat.cat/ca/ambits_tematics/immigracio/servei-de-primera-acollida

## مزید معلومات:۔

اپنی متعلقہ کارپوریشن یا علاقائی کونسل

AJUNTAMENT D'IGUALADA

Servei de Primera Acollida
agentacollida@aj-igualada.net

Plaça de l'Ajuntament, 1
08700 Igualada

## امیگریشن کے 012 ٹیلی فون پر

# 012
**gencat.cat**

ٹیلی فون کال کا نرخ۔ متعلقہ ٹیلی فون آپریٹر پر منحصر ہے

URDÚ

# Servei de Primera Acollida

## ابتدائی استقبالیہ سروس

Generalitat de Catalunya
**Departament de Treball, Afers Socials i Famílies**

**Unió Europea**
**Fons social europeu**
L'FSE inverteix en el teu futur

# Servei de Primera Acollida

## کس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

- کتلونیا میں رہائشی رجسٹریشن کے حامل افراد چاہے ان کو جتنا بھی عرصہ گذرا ہو ابتدائی استقبالیہ سروس سے مستفید ہو سکتے ہیں
- ابتدائی استقبالیہ سروس کے تینوں ماڈل سے مستفید ہونے کیلئے دوسال کی رہائشی رجسٹریشن لازمی ہوگی
- اگر ابتدائی استقبالیہ سروس کے ہر ماڈل میں 75 فیصد کلاس میں حاضری نہیں ہوگی تو ڈپلومہ جاری نہیں کیا جائے گا
- اگر آپ کو کتلان یا کستیانو آتی ہے تو SOC کا کوئی ایک کورس یا کتلان معاشرتی ماڈل بارے کورس کرنا ہوگا اس سلسلے میں اپنی متعلقہ کارپوریشن کے ابتدائی استقبالیہ سروس سے رابطہ کرنا ہوگا آپ کی جانکاری بہت اہم ہے

**ابتدائی استقبالیہ سروس**۔ مختلف عوامل اور وسائل پر مشتمل ہے جو نئے آنے والے افراد کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی تربیت اور معلومات فراہم کرتی ہے۔ جس میں کتلونیا میں رہنے اور تلاش روزگار کیلئے نئے آنے والے افراد کی شخصی رہنمائی، پیشہ وارانہ تربیت، دستاویزات کی تصدیق وغیرہ شامل ہیں

مذکورہ سروس کے تین ماڈل میں تقسیم کیا گیا ہے

- **لسانی سروس**

  اس ماڈل میں کتلونیا کی دونوں سرکاری زبانوں کتلان اور کستیانو میں سے کسی بھی زبان میں کم از کم 90 گھنٹے کا کورس شامل ہے

- **تلاش روزگار بارے شناسائی**

  اس ماڈل میں افرادی قوت بارے شناسائی کا کم از کم 15 گھنٹے کا کورس شامل ہے

- **کتلان معاشرہ**

  اس ماڈل میں آپ کی متعلقہ کارپوریشن اور دیگر پبلک سروس کے اداروں کے بارے تفصیلی تعارف کا 15 گھنٹے کا کورس شامل ہے

## ابتدائی استقبالیہ سروس تک ہم کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں؟

میونسپل کارپوریشن کے شہری رجسٹریشن کے دفاتر یا اپنی متعلقہ کارپوریشن میں قائم شہری معلوماتی مراکز میں آپ کو ٹیلی فون نمبر مہیا کر سکتے ہیں یا کارپوریشن کی متعلقہ سروس سے رابطہ کروا سکتے ہیں

ابتدائی استقبالیہ سروس کے تجربہ کار افراد آپ کو معلومات کی فراہمی اور دفتری کاروائی میں آپ کی مکمل مدد کریں گے

## ابتدائی استقبالیہ سروس آپ کیلئے کیوں مفید ہے؟

اس سروس کے ذریعے آپ کو کتلان معاشرے میں بہتر انداز میں رہنے کے طریقے بتائے جائیں گے۔ ابتدائی استقبالیہ سروس کا ڈپلومہ آپ کو تلاش روزگار کیلئے کام آسکے گا اور آپ کی پیشہ وارانہ اہلیت اور تجربہ کا عکاس ہوگا

اس کے علاوہ ابتدائی استقبالیہ سروس کا ڈپلومہ آپ کیلئے سپین میں قانونی رہائش، سوشل آرائیگو‘ کے حصول، ریذیڈنسی میں ردوبدل اور تجدید وغیرہ میں بھی مددگار ثابت ہوگا